حکومتِ پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈآف ریونیو

اسلام آباد، مورخہ 05 مئی، 2026

**(نوٹیفکیشن)**

S.R.O. 799(I)/2026۔انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 183 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، اور کابینہ کے فیصلہ برائے کیس نمبر 928 Rule-19/2025/1253/ مؤرخہ 31 دسمبر، 2025 کی پیروی میں، وفاقی حکومت کو اس امر کی خوشی ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن لمیٹڈ کے موجودہ ٹیکس واجبات کے خلاف عائد ڈیفالٹ سرچارج اور جرمانوں کو، جو کہ 8,765,972,000 روپے بنتے ہیں حتمی تعین کے تابع رکھتے ہوئے مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے، تاکہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن لمیٹڈ کی کامیاب بولی دہندہ کو منتقلی کے عمل کو کامیابی سے مکمل کیا جاسکے اور بولی دستاویزات پر بروقت عمل درآمد اور ان میں شامل شرائط کی تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

اس استثنیٰ کی شرط یہ ہوگی کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن لمیٹڈ کے موجودہ واجبات (جو کہ 30 جون، 2025 تک 8,765,972,000 روپے بنتے ہیں) ایک سال کی رعایتی مدت کے بعد چار سال کی مدت میں برابر سالانہ اقساط کی صورت میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ادا کی جائیں گی جیسا کہ حکومتِ پاکستان اور کامیاب بولی دہندگان کے درمیان شیئر پرچیز اور سبسکرپشن معاہدے میں متعین کردہ "فرسٹ کمپلیشن" کے بعد ہوگا۔

[No. 1(5)R&S/2026]

(سجاد تسلیم اعظم)

ممبر (ان لینڈ ریونیو)/ ایڈیشنل سیکرٹری